اردو لازمی P-395

Abbottabad 2025

پارٹ - II

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 50

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر جز کے 5 نمبر ہیں۔

i. واوین اور سوالیہ کی علامتوں کو استعمال کرتے ہوئے پانچ جملے بنائیے۔

ii. مرزا شہ زور کون تھے؟ میواتیوں نے مرزا شہ زور کے خاندان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟

iii. شعر سننے اور سنانے کے معاملے میں یو۔پی کے شعراء کا طرز عمل کیا ہے؟ تفصیل سے بتائیں۔

iv. تتمّم العذ ین کی تعریف کریں اور اس کی چار مثالیں دیں۔

v. صنعت مراعاۃ النظیر کی تعریف کریں اور تین اشعار میں اس کی مثالیں پیش کریں۔

vi. ماسٹر الیاس صاحب کس طرح کے آدمی تھے؟ لوگ ان سے دوستی کرنا کیوں پسند نہیں کرتے تھے؟

vii. نظم "بڑے ڈرپوک ہو" کا مرکزی خیال پانچ جملوں میں بیان کریں۔

viii. تشبیہ کی تعریف کریں اور ایک شعر کی مثال دیتے ہوئے ارکان تشبیہ کی وضاحت کریں۔

ix. سبق سیاہ فام کا خلاصہ تحریر کریں۔

x. سقراط کی تعلیمات میں صرف پانچ وہ اقوال تحریر کریں جو آپ کو پسند ہوں۔

xi. آزاد اور پابند نظم کی تعریف کریں اور دونوں کی ایک ایک مثال دیجئے۔

xii. مصنف نے بقائے دوام کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟ نیز سبق اور مصنف کا نام تحریر کریں۔

xiii. نظم نظیر عمل کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سیکشن - ج

نمبر: 30

2. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔ 8

الف) شاید یہی وجہ تھی کہ محلے والوں کو جھگڑے کا زیادہ لطف نہیں آتا تھا۔ مردوں نے تو سرے سے دلچسپی لینا ہی چھوڑ دی تھی۔ البتہ عورتیں بیگم رجب یا بیگم خواجہ کی پہلی ہی آواز پر لپک کر چھتوں پر چڑھ جاتیں یا کھڑکیوں میں سے آدھی آدھی باہر نکل آتیں مگر جب جھگڑا ختم ہوتا تو یوں اداس چہرے لیے پلٹتیں جیسے سونے کی تلاش میں پہاڑ کھود کر خالی ہاتھ آرہی ہوں۔

ب) جب اسے پنشن وصول کرتے تین سال گزر گئے تو جاڑے کی ایک رات کو وہ کسی کام سے بستر سے اٹھا۔ گرم گرم لحاف سے نکلا، پچھلے پہر کی سرد اور تند ہوا تیر کی طرح اس کے سینے میں لگی اور اسے نمونیا ہو گیا۔ بیٹوں نے اس کے بہتیرے علاج معالجے کرائے۔ اس کی بیوی اور بہو دن رات اس کی پٹی سے لگی بیٹھی رہی مگر افاقہ نہ ہوا اور وہ کوئی چار دن بستر پر پڑے رہنے کے بعد مر گیا۔

3. شاعر اور مصنف کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔ 8

الف) مگر اونچے ارادے ہیں تو کیا، اونچے ارادوں کو — سمجھنے کا نہیں احساس حاصل سیدھے سادوں کو
جہاں میں سیدھے سادے لوگ کثرت سے بستے ہیں — ہے محدود ان کی ہمت اور محدود ان کے رستے ہیں

ب) مجھے روکے گا تو اے ناخدا کیا غرق ہونے سے — کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں
جلا سکتی ہے شمع کشتہ کو موج نفس ان کی — الٰہی کیا چھپا ہوتا ہے اہل دل کے سینوں میں

4. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ 14

i. اردو بحیثیت قومی زبان ii. استاد قوم کے محسن iii. حب الوطنی

tayarri.com